# MCB Islamic Bank Ltd.

بابرکت بینکاری، ہماری ذمہ داری

## Key Fact Statement for Deposit Accounts ڈپازٹ اکاؤنٹس کے متعلق اہم معلومات

| | | |
|---|---|---|
| MCB Islamic Bank Limited,<br>ایم سی بی اسلامک بینک لمیٹڈ<br>________________ Branch, برانچ<br>City. شہر | Date تاریخ | DD-MM-YYYY |
| | **IMPORTANT:** Read this document carefully if you are considering opening a new account. It is available in English and Urdu. You may also use this document to compare different accounts offered by other banks. You have the right to receive KFS from other banks for comparison.<br>**ضروری ہدایت:** اگر آپ نیا اکاؤنٹ کھلوانا چاہ رہے ہیں تو اس دستاویز کو بغور پڑھیں۔ یہ انگریزی اور اردو میں دستیاب ہے۔ آپ دوسرے بینکوں کی طرف سے پیش کردہ مختلف اکاؤنٹس کا موازنہ کرنے کے لئے بھی اس دستاویز کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو موازنہ کرنے کے لیے دوسرے بینکوں سے کے ایف ایس وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ | |

**Account Types & Salient Features: اکاؤنٹ کی اقسام اور نمایاں خصوصیات**

This information is accurate as of the date above. Services and fees may change on six-monthly basis, whereas no Profit shall be given on these accounts because these accounts are based on the Shari'ah principle of "Qard" as described in the Account Opening Form. For Updated fees / charges, you may visit our website or visit our branches.

یہ معلومات اوپر دی گئی تاریخ کے مطابق درست ہیں۔ خدمات اور فیس ششماہی بنیادوں پر تبدیل ہو سکتی ہیں, جبکہ ان اکاؤنٹس پر کوئی منافع نہیں دیا جائے گا کیونکہ یہ اکاؤنٹس "قرض" کے شرعی اصول پر مبنی ہیں جیسا کہ اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں بیان کیا گیا ہے۔ اپڈیٹڈ فیس/چارجز کی معلومات کے لیے، آپ ہماری ویب سائٹ وزٹ کر سکتے ہیں یا ہماری برانچ جا سکتے ہیں۔

| Particulars تفصیلات | | MCB Islamic Hidayat Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت کرنٹ اکاؤنٹ | [1]MCB Islamic Basic Banking Account<br>ایم سی بی اسلامک بیسک بینکنگ اکاؤنٹ | MCB Islamic Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ | [2]MCB Islamic Exporter's Special Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ایکسپورٹرا سپیشل ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| **Currency** کرنسی | | PKR پاکستانی روپیہ | PKR پاکستانی روپیہ | US$, GBP, EUR and JPY<br>یو ایس ڈالر، برٹش پونڈز، یورو اور جاپانی ین | US$, GBP, EUR and JPY<br>یو ایس ڈالر، برٹش پونڈز، یورو اور جاپانی ین |
| **For Individuals, Other-Than-Individuals, or Both**<br>عام افراد، عام افراد کے علاوہ یا دونوں | | Both<br>دونوں | Individuals<br>عام افراد | Both<br>دونوں | Individuals (including Freelancers & Sole Proprietors) and Entities<br>افراد (بشمول فری لانسرز اور سول پروپرائٹرز) اور ادارے |
| **Minimum Balance for Account**<br>اکاؤنٹ کے لئے کم سے کم رقم | To open کھولنے کے لیے | Rs. 1,000/-<br>ایک ہزار روپیہ | Rs. 1,000/-<br>ایک ہزار روپیہ | US$ 500 or equivalent in GBP, EUR & JPY<br>یو ایس 500$ یا اس کے مساوی برٹش پونڈز، یورو اور جاپانی ین | Nil کوئی نہیں |
| | To Keep رکھنے کے لیے | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں |
| **Account Maintenance Fee** اکاؤنٹ برقرار رکھنے کی فیس | | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں | Nil کوئی نہیں |
| **Is Profit Paid on Account?** کیا اس اکاؤنٹ پر پرافٹ ملے گا؟<br>***Subject to the applicable tax rate***<br>(قابل اطلاق ٹیکس کے ساتھ مشروط) | | No<br>نہیں | No<br>نہیں | No<br>نہیں | No<br>نہیں |
| **Indicative Profit Rate (%)** متوقع منافع کی شرح | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ |
| **Profit Payment Frequency** منافع کی ادائیگی کا دورانیہ | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ |
| **Provide example:** مثال فراہم کریں | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ |
| **Premature / Early Encashment / Withdrawal Fee**<br>قبل از وقت/جلد نقد رقم نکلوانے/واپسی کی فیس | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ |

**Special Features اہم خصوصیات**

[1]**MCB Islamic Basic Banking Account ایم سی بی اسلامک بیسک بینکنگ اکاؤنٹ**

1. **Transaction Limit ٹرانزیکشن کی حد**
   - **Deposits:** 2 free of charge transactions (either cash or through clearing) per month.
   - **Withdrawals:** 2 free of charge transactions (either cash or through clearing) per month and unlimited free of charge withdrawals through MCB Islamic Bank ATMs.

   *Charges will be applicable as per Schedule of Bank Charges for each transaction over & above permitted free of charge transactions.*

   - رقم جمع کروانے کی حد: ماہانہ دو مفت ٹرانزیکشن (بذریعہ کیش یا چیک)
   - رقم نکلوانے کی حد: ماہانہ دو مفت ٹرانزیکشن (بذریعہ کیش یا چیک) اور ایم سی بی اسلامک بینک اے ٹی ایم کے ذریعے لامحدود مفت رقم نکلوائی جا سکتی ہے۔

   مفت ٹرانزیکشن کے بعد ہر ٹرانزیکشن پر بینک کے چارجز کے موجودہ شیڈول کے مطابق چارجز کی کٹوتی ہو گی۔

[2]**MCB Islamic Exporter's Special Hidayat Foreign Currency Current Account ("ESFCA") ایم سی بی اسلامک ایکسپورٹرا سپیشل ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ (ای ایس ایف سی اے)**

- It is a Non-Chequing Foreign Currency Current Account (i.e. customer will not be able to self-initiate any withdrawals and deposits).To open this account, Exporters must have an existing normal checking account with the bank.
- ESFCA will be governed by the instructions given in EPD Circular Letter No. 03 of 2023 (dated 13-Jan-2023) and EPD Circular Letter No. 17 of 2023 (dated 23-Oct-2023) and any further amendments in SBP's Foreign Exchange Manual's Chapter No. 12 from time to time.

- یہ ایک نان چیکنگ فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ ہے (یعنی کسٹمر خود سے کوئی رقم نکالنے اور جمع کرنے کے قابل نہیں ہو گا)
- یہ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے ایکسپورٹر کے پاس بینک میں پہلے سے موجود ایک عام چیکنگ اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے۔
- 2023 کے EPD سرکلر لیٹر نمبر 3 (تاریخ 13-جنوری-2023) اور 2023 کے EPD سرکلر لیٹر نمبر 17 (تاریخ 23-اکتوبر-2023) اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے فارن ایکسچینج مینوئل کے باب نمبر 12 میں وقتاً فوقتاً کی گئی کسی بھی مزید ترامیم کے تحت دی گئی ہدایات ESFCA پر لاگو ہوں گی۔

MCB Islamic Bank Ltd.
بابرکت بینکاری، ہمارے ذمہ داری

**Service Charges** سروس چارجز

**IMPORTANT:** This is a list of the main service charges for this account. It does not include all charges. You can find a full list at MCB Islamic Bank branches and on our website at https://www.mcbislamicbank.com. Please note that all bank charges are exclusive of applicable taxes (unless otherwise stated below).

**ضروری ہدایت:** یہ اس اکاؤنٹ کے لئے اہم سروس چارجز کی ایک فہرست ہے۔اس میں تمام چارجز شامل نہیں ہیں۔آپ کو ایک مکمل فہرست ایم سی بی اسلامک بینک کی برانچز یا ویب سائٹ https://www.mcbislamicbank.com وزٹ کرنے پر مل سکتی ہے۔ براہ کرم یاد رکھیں کہ تمام بینک چارجز قابل اطلاق ٹیکس کے علاوہ ہیں (جب تک کہ ذیل میں بیان نہ ہوں)۔

| Services سروسز | Modes ذرائع | MCB Islamic Hidayat Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت کرنٹ اکاؤنٹ | MCB Islamic Basic Banking Account<br>ایم سی بی اسلامک بیسک بینکنگ اکاؤنٹ | MCB Islamic Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ | MCB Islamic Exporter's Special Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ایکسپورٹرا سپیشل ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Transaction**<br>کیش ٹرانزیکشن | Intercity شہروں کے مابین | Zero (MCB Islamic Bank offer free Online Banking Service)<br>صفر (ایم سی بی اسلامک بینک آن لائن بینکنگ سروس مفت فراہم کرتا ہے۔) | | | |
| | Intra-city شہر کے اندر | Zero (MCB Islamic Bank offer free Online Banking Service)<br>صفر (ایم سی بی اسلامک بینک آن لائن بینکنگ سروس مفت فراہم کرتا ہے۔) | | | |
| | Own ATM withdrawal<br>اپنے بینک کے اے ٹی ایم پر | Zero<br>صفر | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | |
| | Other Bank ATM<br>دیگر بینک کے اے ٹی ایم پر | Rs. 23.44/- per transaction inclusive of applicable tax<br>-/23.44 روپے فی ٹرانزیکشن بشمول ٹیکس | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے۔ | |
| | Receipt on MCB Islamic ATM for Cash Withdrawal / Balance Enquiry<br>ایم سی بی اسلامک کی اے ٹی ایم سے کیش نکالنے/بیلنس کی انکوائری پر رسید | Rs. 5/- flat (inclusive of applicable tax/ FED)<br>پانچ روپے فلیٹ (بشمول لاگو ٹیکس/ایف ای ڈی) | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| **SMS Alerts**<br>ایس ایم ایس الرٹس | ADC / Digital اے ڈی سی/ڈیجیٹل | Zero صفر | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| | Clearing کلیئرنگ | Please refer to "For other transactions" row below | | براہ کرم نیچے "دیگر معاملات" کے خانے میں دیکھیں۔ | |
| | For other transactions<br>دیگر معاملات کے لیے | Rs. 1,600/-/- annual fee including clearing<br>سولہ سو روپے سالانہ فیس بشمول کلیئرنگ | | Equivalent Foreign Currency of Specified Amount<br>مخصوص رقم کی مساوی غیر ملکی کرنسی۔ | |
| **Debit Cards**<br>ڈیبٹ کارڈز | Qadar Classic قدر کلاسک | Rs. 1,800/- اٹھارہ سو روپے | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| | Qadar Gold قدر گولڈ | Rs 2,300/- تیئس سو روپے | | | |
| | Pay Pak Classic پے پاک کلاسک | Rs1,550/- پندرہ سو پچاس روپے | | | |
| | Platinum پلاٹینم | Not offered یہ سہولت میسر نہیں ہے۔ | | | |
| | Others دیگر | Not offered یہ سہولت میسر نہیں ہے۔ | | | |
| **Cheque Book**<br>چیک بک | Issuance اجراء | Rs.10 /- per leaf دس روپے فی ورقہ | | Equivalent Foreign Currency of Specified Amount<br>مخصوص رقم کی مساوی غیر ملکی کرنسی۔ | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے |
| | Stop Payment ادائیگی روکنا | Rs.500/- per cheque. Maximum Rs.1,500/- (for Cheque book / multiple cheques)<br>پانچ سو روپے فی چیک۔ زیادہ سے زیادہ پندرہ سو روپے (چیک بک / ایک سے زیادہ چیکوں کیلئے) | | | |
| | Loose Cheque چیک گمشدگی | Rs. 250/- plus Cheque book charges inclusive of stop payment charges.<br>ڈھائی سو روپے بمع چیک بک چارجز بشمول ادائیگی روکنے کے چارجز | | | |
| **Remittance (Local)** ریمیٹنس (لوکل) | Banker Cheque / Pay Order بینکرز چیک/پے آرڈر | Rs. 200/- per Instrument for Account Holder<br>اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے دو سو روپے فی دستاویز | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| **Remittance Foreign** ریمیٹنس (بین الاقوامی) | Foreign Demand Draft بین الاقوامی ڈیمانڈ ڈرافٹ | Not offered<br>یہ سہولت میسر نہیں ہے۔ | | | |
| | Wire Transfer<br>وائر کے ذریعے منتقلی | **Outward Remittances** بیرونی ترسیلات زر<br>(1) Minimum US$ 15/- per item upto value of US$ 10K or its equivalent.<br>10ہزار امریکی ڈالر یا اس کے مساوی رقم تک کم از کم 15امریکی ڈالر فی کس<br>(ii) Minimum US$ 30/- per item upto value of above US$ 10K upto US$ 40K or its equivalent.<br>10ہزار امریکی ڈالر سے زائد 40ہزار امریکی ڈالر یا اس کے مساوی رقم تک کم از کم 30امریکی ڈالر<br>(iii) Minimum 0.1% per item above US$ 40k or US$ 70 whichever is higher.<br>40ہزار امریکی ڈالر سے زائد رقم پر کم از کم 0.1٪ یا 70امریکی ڈالر فی کس جو بھی زائد ہو۔<br><br>**Inward Remittances** اندرونی ترسیلات زر<br>Zero صفر | | | |
| **Statement of Account**<br>اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ | Annual سالانہ | Zero صفر | | | |
| | Half Yearly ششماہی | Zero صفر | | | |
| | Duplicate نقل | Rs. 35/- per statement including taxes پینتیس روپے فی اسٹیٹمنٹ بشمول ٹیکسز | | | |

| Services سروسز | Modes ذرائع | MCB Islamic Hidayat Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت کرنٹ اکاؤنٹ | MCB Islamic Basic Banking Account<br>ایم سی بی اسلامک بیسک بینکنگ اکاؤنٹ | MCB Islamic Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ | MCB Islamic Exporter's Special Hidayat Foreign Currency Current Account<br>ایم سی بی اسلامک ایکسپورٹرا سپیشل ہدایت فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | However, E-Statement is free irrespective of the frequency.- تاہم کسی بھی دورانیہ کے لیے ای-اسٹیٹمنٹ مفت ہے | | | |
| Fund Transfer<br>فنڈ ٹرانسفر | ADC / Digital Channels<br>اے ڈی سی/ڈیجیٹل ذریعے | Zero if transaction is done within MCB Islamic Bank Ltd.<br>**Inter Bank Funds Transfer;** Transaction up to Rs 25,000/- NIL.<br>Transaction Above PKR 25,000/- 0.1% or Rs.200 whichever is lower<br>صفر اگر ٹرانزیکشن ایم سی بی اسلامک بینک کے اندر ہو<br>**انٹر بینک فنڈ ٹرانسفر**<br>-/25،000 تک کے لین دین پر نہیں ہے<br>-/25،000 سے زیادہ لین دین پر 0.1% یا 200 روپے میں سے جو کم ہو لاگو ہو گا۔ | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| | Others دیگر | Real Time Gross Settlement Charges (RTGS) ریئل ٹائم گراس سیٹلمنٹ چارجز<br>(Tax is applicable on Bank's income as per rules) (ٹیکس قواعد کے مطابق بینک کی آمدنی پر لاگو ہوتا ہے)<br><br>Days دن \| Transaction Time ٹرانزیکشن کا وقت \| Bank بینک چارجز \| SBP Charges \| Total ٹوٹل<br>**MT 103**<br>Monday to Friday پیر تا جمعہ \| 9:00 Am to 2:00 PM \| Rs.200/- \| Rs.20/- \| Rs.220/-<br>After 2:00 PM to 3:30 PM \| Rs.300/- \| Rs.30/- \| Rs.330/-<br>After 3:30 PM to 4:00 PM \| Rs.500/- \| Rs.50/- \| Rs.550/-<br>**MT 102**<br>پیر تا جمعہ Monday to Friday \| 9:00 AM to 4:00 PM \| Rs.25/- \| Rs.25/- \| Rs.50/-<br>**MT 202**<br>پیر تا جمعہ Monday to Friday \| 9:00 AM to 4:00 PM \| Rs.200/- \| Rs.20/- \| Rs.220/-<br><br>During Ramadan RTGS timings and charges will be observed as per SBP instructions.<br>رمضان المبارک کے دوران آر ٹی جی ایس کے اوقات اور معاوضے ایس بی پی کی ہدایت کے مطابق لیے جائیں گے۔ | | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | |
| Digital Banking<br>ڈیجیٹل بینکنگ | Internet Banking Subscription (one-time & annual)<br>انٹرنیٹ بینکنگ کی رکنیت (ایک بار اور سالانہ) | Zero<br>صفر | | Zero صفر<br>View Services Only<br>صرف دیکھنے کی سہولت ہے | |
| | Corporate Internet Banking Subscription<br>کارپوریٹ انٹرنیٹ بینکنگ کی رکنیت | As per agreed terms<br>اِتفاق شدہ شرائط کے مطابق | Not Applicable<br>لاگو نہیں ہے | As per agreed terms<br>اِتفاق شدہ شرائط کے مطابق<br>View Services Only<br>صرف دیکھنے کی سہولت ہے | |
| | Mobile Banking subscription (one-time & annual)<br>موبائل بینکنگ کی رکنیت (ایک بار اور سالانہ) | Zero<br>صفر | | Zero صفر<br>View Services Only<br>صرف دیکھنے کی سہولت ہے | |
| Clearing<br>کلیئرنگ | Normal عام | Zero صفر | | At Actual<br>اصل پر | |
| | Intercity انٹر سٹی | Rs.300/- per instrument تین سو روپے فی دستاویز | | | |
| | Same Day اسی دن | At Actual اصل پر | | | |
| Closure of Account<br>اکاؤنٹ کی بندش | Customer request<br>کسٹمر کی درخواست | Zero<br>صفر | | | |

| You Must Know آپ کو معلوم ہونا چاہیے | |
|---|---|
| **Requirements to open an account:** To open the account you will need to satisfy some identification requirements as per regulatory instructions and banks' internal policies. | **Unclaimed Deposits:** In terms of section 31 of Banking Companies Ordinance, 1962 all deposits which have not been operated during the period of last ten years, except deposits in the name of a minor |

## آپ کو معلوم ہونا چاہیے You Must Know

These may include providing documents and information to verify your identity. Such information may be required on a periodic basis. Please ask us for more details.

**اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے مطلوبہ چیزیں:**

اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے آپ کو قانونی ہدایات اور بینکوں کی داخلی پالیسیوں کے مطابق شناخت کے لیے کچھ ضروری باتوں کو پورا کرنا ہوگا۔ جن میں آپ کی شناخت کی تصدیق کے لیے دستاویزات اور معلومات فراہم کرنا شامل ہو سکتی ہیں۔ وقتاً فوقتاً ایسی معلومات کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

**Cheque Bounce:** Dishonoring of cheques is subject to a criminal trial in Pakistan. Accordingly, you should be writing cheques with utmost prudence.
**Pakistan Penal Court clause 489-F#** *"Whoever dishonestly issues a cheque towards re-payment of a loan or fulfilment of an obligation which is dishonoured on presentation, shall be punishable with imprisonment which may extend to three years and with fine, unless he can establish, for which the burden of proof shall rest on him, that he had made arrangements with his bank to ensure that the cheque would be honoured and that the bank was at fault in not honouring the cheque."*

**چیک باؤنس:** (ڈس آنرنگ آف چیکس) چیک مسترد ہونا پاکستان میں فوجداری مقدمے سے مشروط ہے۔ اسی مناسبت سے، آپ کو انتہائی سمجھداری سے چیک لکھنا چاہئے۔ **تعزیرات پاکستان دفعہ 489 ایف-** "جو شخص کسی قرض کی ادائیگی یا اپنی کسی ذمہ داری کی تکمیل کے لیے بے ایمانی سے ایسا چیک پیش کرتا ہے جو پیشی پر مسترد ہو جاتا ہے، ایسے شخص کو تین سال تک قید اور جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے، جب تک وہ اس بات کو ثابت نہ کر سکے جس کا بار ثبوت اس شخص پر ہو گا کہ اس نے اپنے بینک کے ساتھ اس بات کو یقینی بنایا تھا کہ چیک مسترد نہ ہو گا اور یہ کہ چیک بینک کی غلطی سے مسترد ہوا۔"

**Safe Custody:** Safe custody of access tools to your account like ATM cards, PINs, cheques, e-banking usernames, passwords, other personal information, etc. is your responsibility. Bank cannot be held responsible in case of security lapse at the customer's end. Please note that MCB Islamic Bank Ltd. or any of its staff do not initiate any calls to acquire any such confidential information.

**حفاظت کی ذمہ داری:** آپ کے اکاؤنٹ تک رسائی والے آلات کی حفاظت، جیسے اے ٹی ایم کارڈز، پن، چیک، ای بینکنگ صارف نام، پاس ورڈ۔ دیگر ذاتی معلومات وغیرہ آپ کی ذمہ داری ہے۔ صارف کی طرف سے غیر ذمہ داری کی صورت میں بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ایم سی بی اسلامک بینک لمیٹڈ یا اس کا کوئی عملہ اس طرح کی خفیہ معلومات کے حصول کے لئے کوئی کال نہیں کرتا ہے۔

**Record updation:** Always keep profiles/records updated with the bank to avoid missing any significant communications. You can contact your respective / parent MCB Islamic Bank Branch in person to update your information.

**ریکارڈ کی تجدید:** کسی بھی اہم اطلاعات سے باخبر رہنے کے لئے ہمیشہ بینک کے ساتھ پروفائلز/ریکارڈ کو اپ ڈیٹ رکھیں۔ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے آپ بذات خود ایم سی بی اسلامک بینک کی متعلقہ برانچ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**What happens if you do not use this account for a long period?** If your account remains inoperative for 12 months, it will be treated as dormant. If your account becomes dormant, debit transaction / withdrawals shall not be allowed until the account is reactivated on the request of the account holder. To reactivate your account, you must visit any MCB Islamic Bank branch or submit formal request through courier or email to your respective parent branch or call our phone banking through your registered mobile number or landline number. If you are an overseas customer, your parent branch shall require documents like CNIC, Passport, and Visa entry / exit, employment letter, medical certificate, Travel plan, etc. duly verified by competent authorities (Pakistan Embassy / Consulate / Notarized by Notary Public / Notary at Law) as applicable / relevant. In case of Entities (i.e. other than individuals), submit a written application prior to conducting any financial transaction. No account shall be activated without Biometric verification (where applicable).

**اگر آپ اس اکاؤنٹ کو طویل عرصے تک استعمال نہیں کرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر آپ اپنا اکاؤنٹ 12 ماہ تک استعمال نہیں کرتے ہیں تو، اس کو غیر فعال (dormant) سمجھا جائے گا۔ اگر آپ کا اکاؤنٹ غیر فعال ہو جاتا ہے تو، جب تک اکاؤنٹ ہولڈر کی درخواست پر اکاؤنٹ دوبارہ فعال نہیں ہوتا تب تک ڈیبٹ ٹرانزیکشن / رقم نکلوانے کی اجازت نہیں ہو گی۔ اپنے اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے آپ ایم سی بی اسلامک بینک کی کسی بھی برانچ میں تشریف لے جائیں یا ڈاک کے ذریعے باقاعدہ درخواست لکھیں یا اپنی متعلقہ برانچ کو ای میل کریں یا اپنے رجسٹرڈ موبائل نمبر یا لینڈ لائن نمبر کے ذریعے ہمارے فون بینکنگ پر کال کریں۔ اگر آپ بیرون ملک مقیم کسٹمر ہیں تو، آپ کی متعلقہ برانچ کو کچھ کاغذات مطلوب ہوں گے جیسا کہ سی این آئی سی، پاسپورٹ، اور ویزا اندراج / اخراج، ملازمت کا لیٹر، میڈیکل سرٹیفکیٹ، ٹریول پلان وغیرہ۔ جو کہ متعلقہ حکام (پاکستانی سفارت خانہ / قونصل خانہ / نوٹری پبلک / نوٹری ایٹ لاء) سے تصدیق شدہ ہوں۔ اداروں کی صورت میں (یعنی افراد کے علاوہ) کسی بھی مالی لین دین سے قبل تحریری درخواست جمع کروائیں۔ کوئی اکاؤنٹ بائیومیٹرک تصدیق (جہاں اطلاق ہوتا ہے) کے بغیر فعال نہیں ہو گا۔

or a Government or a court of law, are surrendered to State Bank of Pakistan (SBP) by the relevant banks, after meeting the conditions as per provisions of law. The surrendered deposits can be claimed through the respective banks. For further information, please contact Branch Manager of the concerned MCB Islamic Bank branch.

**غیر دعویدار ڈپازٹس:** بینکنگ کمپنیز آرڈیننس، 1962 کے سیکشن 31 کے تحت، وہ تمام ڈپازٹس جو گذشتہ دس سال کے عرصے میں استعمال نہ کیے گئے ہوں (سوائے ان ڈپازٹس کے جو کسی نابالغ یا حکومت یا کسی عدالت کے نام پر ہوں) قانونی دفعات کے مطابق شرائط کو پورا کرنے کے بعد متعلقہ بینکوں کی طرف سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کر دیئے جاتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کیے گئے ڈپازٹس کی واپسی کا مطالبہ متعلقہ بینکوں کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے، براہ کرم متعلقہ ایم سی بی اسلامک بینک برانچ کے برانچ منیجر سے رابطہ کریں۔

**Closing this account:** In order to close your account, please follow below mentioned process.

1. If you request account closure in person in branch then you have to submit duly filled and signed bank provided account closure form (closure request) and provide all required details / information as requested by bank.
2. If you request account closure via mail along with the unused leaves of cheque books / debit card(s) in case of
   a) Individual, sole proprietor and partnership accounts, the request should be signed by all authorized signatories, irrespective of the operating instructions. For example, in case of joint account with operating instruction of "either or survivor", the account closing shall be made by all the accountholders.
   b) Company / Trust / NGO / NPO etc. accounts, ensure that account closure request has been signed in accordance with the mandate / instructions in the resolution of Board of directors / Trust / Governing body.

**اس اکاؤنٹ کو بند کرنا:** اپنا اکاؤنٹ بند کرنے کے لئے، براہ کرم اس طریقہ پر عمل کریں.

1. اگر آپ برانچ میں ذاتی طور پر اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کرتے ہیں تو آپ کو دستخط شدہ بینک اکاؤنٹ بند کرنے کا فارم (بندش کی درخواست) جمع کروانا ہو گا اور بینک کی درخواست کے مطابق تمام مطلوبہ تفصیلات / معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔
2. اگر آپ چیک بک کے غیر استعمال شدہ صفحات / ڈیبٹ کارڈ کے ساتھ ڈاک کے ذریعے اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کرتے ہیں تو
   a. انفرادی، واحد مالک اور مشترکہ اکاؤنٹ، آپریٹنگ ہدایات سے قطع نظر درخواست پر تمام مجاز دستخط کنندگان کے دستخط ہونے چاہئیں۔ مثال کے طور پر، مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں "کوئی ایک یا باقی ماندہ" کی آپریٹنگ ہدایت کے ساتھ، اکاؤنٹ کی بندش تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کریں گے۔
   b. کمپنی / ٹرسٹ / این جی او / این پی او وغیرہ اکاؤنٹس، اس بات کو یقینی بنائیں کہ اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست بورڈ آف ڈائریکٹرز / ٹرسٹ / گورننگ باڈی کی قرارداد میں مینڈیٹ / ہدایات کے مطابق دستخط کی گئی ہے۔

**How can you get assistance or make a complaint?**

Contact information
MCB Islamic Bank Limited
Complaint Management Unit
Service Quality Department
2nd Floor, Building Plot # LM -10 Block 10-A, Gulshan-e-Iqbal Main Rashid Minhas Road,
Karachi City
Tel: 042-111-222-642
Helpline: 042-111-222-642
Fax: 021-34972150
Email: Service.quality@mcbislamicbank.com
Website: https://www.mcbislamicbank.com

**آپ کس طرح مدد حاصل کر سکتے ہیں یا شکایت درج کر سکتے ہیں؟**

**رابطہ کی معلومات**
**ایم سی بی اسلامک بینک لمیٹڈ**
شکایت انتظامیہ یونٹ
سروس کوالٹی ڈیپارٹمنٹ،
سیکنڈ فلور۔ پلاٹ# LM-10 بلاک A-10، گلشنِ اقبال، مین راشد منہاس روڈ، کراچی۔
رابطہ نمبر: 042-111-222-642
ہیلپ لائن: 042-111-222-642
فیکس: 021-34972150
ای میل: Service.quality@mcbislamicbank.com
ویب سائٹ: https://www.mcbislamicbank.com

**If you are not satisfied with our response, you may contact:**
**Banking Mohtasib Pakistan Contact Details**
Email: info@bankingmohtasib.gov.pk
Banking Mohtasib Pakistan, Shaheen

**You Must Know آپ کو معلوم ہونا چاہیے**

Complex, 5th Floor, M. R. Kiyani Road, Karachi.
Tel: (+92 21) 99217334-38 (5 lines)
Fax: (+92 21) 99217375
For further details, please refer to:
Website: www.bankingmohtasib.gov.pk/complaints.php

**اگرآپ ہمارے جواب سے مطمئن نہیں ہیں تو، آپ رابطہ کر سکتے ہیں:**

**بینکاری محتسب پاکستان—رابطہ کی تفصیلات**

بینکاری محتسب پاکستان، شاہین کمپلیکس، 5 منزل، ایم آر کیانی روڈ کراچی۔

ای میل: info@bankingmohtasib.gov.pk

رابطہ نمبر: (+92 21) 99217334-38 (5 lines)

فیکس: (+92 21) 99217375

ویب سائٹ: www.bankingmohtasib.gov.pk/complaints.php

**NOTE:** The above are subject to change from time to time in accordance with State Bank of Pakistan's regulations and MCB Islamic Bank Limited's policies and procedures.

نوٹ: اوپر بیان کی گئی چیزیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قوانین اور ایم سی بی اسلامک بینک لمیٹڈ کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے مطابق وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

---

| I ACKNOWLEDGE RECEIVING AND UNDERSTAND THIS KEY FACT STATEMENT میں ان اہم معلومات کو وصول کرنے اور انہیں سمجھنے کا اقرار کرتا ہوں | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Customer Name: کسٹمر کا نام | | | | Date: تاریخ | |
| Product chosen: منتخب کی گئی پراڈکٹ | | | | | |
| Mandate of account اکاؤنٹ کا اختیار | Single / Joint / Either or Survivor واحد / مشترک / کوئی ایک یا باقی ماندہ | | | | |
| Address پتہ | | | | | |
| Contact No.: رابطہ نمبر | | Mobile No. موبائل نمبر | | Email Address ای میل ایڈرس | |
| Customer Signature کسٹمر کے دستخط | | | | Signature Verified دستخط تصدیق کنندہ | |